بلاشبہ مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: "بلاشبہ مجھے مکارم اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا گیا"

[حسن] [رواه البخاري في الأدب المفرد وأحمد والبيهقي]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ اللہ تعالی نے آپ کو عمدہ اور اچھے اخلاق کی تکمیل کے لیے بھیجا ہے آپ پہلے آنے والے تمام رسولوں کے اختتام اور عرب کے اخلاق حسنہ کی تکمیل کرنے والی کی حیثیت سے بھیجے گئے تھے کیوں کہ عرب خیر سے محبت اور شر سے نفرت کرتے تھے وہ با مروت، دریا دل اور خود دار تھے ایسے میں آپ ان کے اخلاق میں پائی جانے والی کمیوں، جیسے حسب نسب پر فخر کرنا اور تکبر کرنا اور مالی اعتبار سے کم تر لوگوں کو حقیر جاننا وغیرہ، کو دور کرکے اخلاق حسنہ کی تکمیل کے لیے بھیجے گئے تھے

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/66233